Department of Education
Chancellor Meisha Porter

20 اگست، 2021

عزیزی اہلِ خانہ،

ہم نیو یارک شہر کے طلبا کو اس موسم خزاں میں کلاس روم میں واپس آنے پر خوش آمدید کہنے کے لیے بہت زیادہ پُرجوش ہیں! اور کھیل کے میدانوں میں واپس آنے پر!

ہمارے اسکولوں میں صحت اور حفاظت کے بارے میں کثیرالسطحئی اقدامات کے حصے کے طور پر، اس سال پبلک اسکولز ایتھلیٹک لیگ (PSAL) میں حصہ لینے والے نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم (DOE) کے تمام طلبا اور عملے سے COVID-19 ویکسینیشن لگوانا مطلوب ہے کیونکہ کھیلوں سے COVID-19 کے پھیلنے کا بہت زیادہ خطرہ سمجھا جاتا ہے۔ یہ نیویارک ریاست اور مراکز برائے بچاؤ و انسداد بیماری (CDC) کے حالیہ رہنما خطوط سے مکمل ہم آہنگ ہے، جو کہتا ہے کہ زیادہ خطرات والے کھیل اور غیر نصابی سرگرمیوں کو ان علاقوں میں جہاں کمیونٹی میں زیادہ پھیلنے کا اندیشہ ہے، ورچوئل ہونا چاہئیے یا منسوخ کر دینا چاہئیے ماسوائے کہ تمام شرکاء مکمل ویکسین لگوائیں۔

زیادہ خطرے والے کھیلوں میں فٹ بال، والی بال، باسکٹ بال، کُشتی، لَیکروس، اسٹنٹ اور رگبی شامل ہیں۔ باولنگ میں بھی ویکسین کا لگا ہونا لازمی ہے، کیونکہ اگرچہ یہ زیادہ خطرے والا کھیل نہیں ہے، یہ ایسی جگھوں پر ہوتا ہے جو ویکسین لگوانے کا تقاضہ کرتی ہیں۔

موسم خزاں کے زیادہ خطرے والے کھیلوں کے شرکاء کو COVID-19 کی پہلی خوراک مقابلے کے کھیل کے پہلے دن تک لینا ضروری ہے، جو مختلف کھیلوں کے لیے الگ ہے۔ سردی اور بہار میں PSAL شرکاء کا مقابلے کے کھیل کے پہلے دن تک مکمل ویکسین لگوا لینا لازمی ہے۔ 22-2021 تعلیمی سال میں PSAL کے لیے ویکسین کے مطلوبات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، برائے مہربانی اس خط کے آخر میں اکثر پوچھے جانے والے سوالات (FAQ) ملاحظہ کریں۔

اہل خانہ طالب علم کے ویکسین کی حیثیت کے بارے میں ثبوت کو vaccine.schools.nyc پر21 اگست سے اپ لوڈ کرسکیں گے۔ ویکسینیشن کا ثبوت ویکسینیشن کارڈ کا ایک عکس، NYS Excelsior پاس، یا کوئی اور سرکاری ریکارڈ ہو سکتا ہے۔ ان معلومات کو جمع کرنے سے نیویارک شہر کو عالمی وبا کے سدباب کرنے اور بحالی کی کوششوں میں معاونت ملے گی اور اسے یقینی بنانے میں مدد ملے گی کہ DOE کے اسکولز اور عمارات تمام طلبا اور عملے کے لیے محفوظ جگھیں رہیں.

ویکسین لگوانا محفوظ، موثر اور مفت ہے—اور اپنے اہل خانہ اور برادری کو COVID-19 سے بچانے کے لیے لیا جانے والا سب سے اہم قدم ہے۔ اگر آپکا کوئی بچہ کم از کم 12 سال کا ہے، ہم آپکی پُرزور حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ ان کے لیے جتنی جلد ممکن ہو vaccinefinder.nyc.gov پر جاکر ویکسین لگوانے کے لیے ایک وقت طے کریں۔ آپ شہر کے ذریعے چلائے جانے والے کسی بھی ویکسینیشن مقام پر ایک وقت طے کرنے میں مدد کے لیے 877-VAX-4-NYC (877-829-4692) کو بھی کال کرسکتے ہیں۔ اس موسم خزاں میں تمام شہر میں موبائل ویکسینیشن کے مقامات اسکولز اور PSAL کے تربیتی مقامات کا بھی دورہ کریں گے۔

اس وائرس کے ڈیلٹا ویرئنٹ کے تیزی سے پھیلاو کی وجہ سے، ویکسین کا لگوانا ہمیشہ سے زیادہ اہم ہے۔ ڈیلٹا ویرئنٹ زیادہ متعدی ہے، نوجوان لوگوں پر پچھلی قسموں سے زیادہ اثرانداز ہو رہا ہے، اور شائد اس سے زیادہ شدید بیماری، اور دوبارہ کسی ایسے فرد کو لگ سکتی ہے جسکو پہلے COVID-19 ہو چکا ہو۔ نیویارک شہر کو محفوظ رکھیں، نیویارک شہر کو مضبوط رکھیں—ویکسین لگوائیں!

شراکت میں،

Meisha Porter
نیویارک شہر اسکولز چانسلر

PSAL میں شراکت کے لیے COVID-19 ویکسین احکامات کے بارے میں اکثر پوچھے جانے والے سوالات FAQ

طالب علم ایتھلیٹس کس طرح ویکسینیشن کا ثبوت فراہم کر سکتے ہیں؟

اہل خانہ DOE کی COVID-19 ویکسینیشن پورٹل پر ویکسینیشن کا ثبوت اپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ vaccine.schools.nyc
ویکسینیشن کا ثبوت ویکسینیشن کارڈ کا ایک عکس، NYS Excelsior پاس، یا کوئی اور حکومتی ریکارڈ ہو سکتا ہے۔

ویکسینیشن کی حیثیت کی جانچ کون کریگا؟

کوچز اور ایتھلیٹک ڈائریکٹرز ویکسینیشن کارڈز یا حیثیت کی تصدیق کے لیے ویکسینیشن پورٹل کی جانچ کرینگے۔

ویکسینیشن نہ لگوانے کے کیا نتائج مرتب ہو سکتے ہیں؟

اگر کوئی طالب علم اس موسم خزاں میں ایک زیادہ خطرے والے PSAL کھیل میں حصہ لے رہا ہے اور مقابلے کے پہلے دن تک اپنی پہلی خوراک نہیں لے گا، انہیں مشق کرنے یا مقابلے میں شریک نہیں ہونے دیا جائیگا۔

جو طالب علم ایتھلیٹس مکمل ویکسین لگوا چکے ہیں کیا انہیں ماسک پہنا لازمی ہے؟

مکمل ویکسین لگوا لینے والے ایتھلیٹس کو باہر ہونے والی PSAL کی سرگرمیوں کے دوران ماسک پہنا لازمی نہیں۔

کیا اس کا اطلاق کوچز اور PSAL ایتھلیٹک ڈائریکٹرز پر بھی ہوتا ہے؟

جی ہاں، اس حکم کا اطلاق زیادہ خطرے والے کھیلوں میں تمام حصہ لینے والوں پر ہوتا ہے۔

کیا کھیلوں اور تربیتوں کا انعقاد شرکاء کے مکمل ویکسین لگا ہوا ہونے سے پہلے ہو سکتا ہے؟

جی ہاں، تاوقتیکہ شرکاء نے اپنی پہلے خوراک لگوا لی ہو۔